طبع واشاعت کی عام اجازت ہے

68

نماز و ادعیہ

مع

ترجمہ اردو ـــــ اور ـــــ انگریزی

مرتبہ

ایم ، ایس ، چوہدری قادری

چیرمین یورپین اسلامک مشن

۷۵۔ سپرنگ ویل لین بالبی ڈان کاسٹر ۔ انگلینڈ

پاکستان میں ملنے کا پتہ :-

ایم ایس چوہدری ۔ چک ۱۶۳ گ ۔ ب ، ڈاک خانہ گوگو ماہل .

براستہ گوجرہ ضلع لائل پور

ور :- مکتبہ صدیقیہ ملتان

Marfat.com

مفتی عبداللہ عفا اللہ عنہ پرنٹر پبلشرز نے کچھ حصہ دین محمدی پریس لاہور۔
اور کچھ حصہ قادری پریس اندرون بوہڑ دروازہ ملتان شہر سے طبع کرا کے
مکتبہ صدیقیہ ملتان سے شائع کیا۔

Marfat.com

DATA ENTERED

فہرست مضامین

۱۳۲۳۰

نمبرشمار	مضمون	صفحہ	نمبرشمار	مضمون	صفحہ
۱	مقدمہ	۳	۱۶	رکوع. قومہ سجدہ کی تسبیحات	۴۸
۲	اسلام کی نبیاد پانچ چیزوں پر ہے	۲۴	۱۷	التحیات	۵۰
۳	تیمّم. وضو	۳۴	۱۸	درُود شریف	〃
۴	غسل	۳۵	۱۹	درُود شریف کے بعد کی دُعا	۵۲
۵	فرض نمازیں	۳۶	۲۰	سلام	〃
۶	نقشہ اوقات نماز گوجرہ	۳۷	۲۱	دُعا بعد از نماز	〃
۷	نفل نمازیں	۴۰	۲۲	دُعائے قنوت	۵۴
۸	نماز پڑھنے کا طریقہ	۴۱	۲۳	آیۃ الکرسی	۵۶
۹	فرائض و واجبات نماز	۴۲	۲۴	سورۃ فیل	۵۸
۱۰	تکبیر تحریمہ	۴۶	۲۵	سورۃ قریش	〃
۱۱	ثنا	〃	۲۶	سورۃ ماعون	۶۰
۱۲	تعوذ	〃	۲۷	سورۃ کوثر	〃
۱۳	تسمیہ	〃	۲۸	سورۃ کافرون	۶۲
۱۴	سورۃ فاتحہ	〃	۲۹	سورۃ نصر	〃
۱۵	سورۃ اخلاص	۴۸	۳۰	سورۃ لہب	۶۴
				اخلاص	〃

Marfat.com

۳۱	سورہ فلق	۶۶
۳۲	سورہ ناس	〃
۳۳	پہلا کلمہ طیب	۶۸
۳۴	دوسرا کلمہ شہادت	〃
۳۵	تیسرا کلمہ تمجید	〃
۳۶	چوتھا کلمہ توحید	۷۰
۳۷	پانچواں کلمہ استغفار	۷۲
۳۸	چھٹا کلمہ رد کفر	۷۴
۳۹	ایمان مجمل	۷۶
۴۰	ایمان مفصل	〃
۴۱	اذان	۷۸
۴۲	اذان کے بعد کی دعا	۸۲
۴۳	نماز جنازہ	۸۴
۴۴	بالغ مرد عورت کی میت کے لئے دعا	۸۶
۴۵	نابالغ لڑکے کی میت کیلئے دعا	〃
۴۶	نابالغ لڑکی کی میت کیلئے دعا	۸۶
۴۷	دعا بعد دفن	۸۸
۴۸	دعا زیارت قبور	۹۰
۴۹	بعد دفن قبر کے سرہانے کھڑے ہوکر یہ آیات پڑھے	۹۲
۵۰	بعد دفن قبر کی پائنتی کھڑے ہوکر یہ آیات پڑھے	۹۴
۵۱	استنجا کو جاتے وقت کی دعا	۹۶
۵۲	استنجا سے فراغت کے بعد کی دعا	〃
۵۳	نماز کے بعد کی دعائیں گیارہ دعائیں درج ہیں	۹۸
۵۴	آیت کریمہ	۱۰۲
۵۵	تسبیح تراویح	۱۰۶
۵۶	مختلف امورات و مختلف اوقات کی ۲۹ دعائیں	۱۰۸
۵۷	دیباچہ انگریزی	

مقدمہ

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

انسان اپنے حواس خمسہ کی مدد سے مادی اشیاء کے متعلق معلومات حاصل کرتا ہے وہ آنکھ کی مدد سے سانپ اور چھڑی میں شناخت کرتا ہے۔ اس کا کان اس کو پیچھے سے آنے والی موٹر کا ہارن سن کر خطرہ سے آگاہ کرتا ہے۔ اس کی زبان اس کو کڑوے کسیلے اور شیریں اشیاء میں فرق بتاتی ہے۔ اس کا ناک بدبو اور خوشبو میں امتیاز کرتا ہے۔ اس کی قوتِ لامسہ اس کو اندھیرے میں اشیاء کی سطح کے کھردرے یا ہموار ہونے کے متعلق تبلاتی ہے لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ علوم کے حصول کا ذریعہ محض حواس ہی نہیں بلکہ سچی شہادت بھی ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دمشق نہیں دیکھا لیکن دمشق کے موجود ہونے کی اتنی کثیر تعداد میں شہادتیں موجود ہیں۔ کہ اس شہر کے وجود کا انکار ناممکن ہے۔ میں چین جاپان نہیں گیا۔ لیکن ان کے موجود ہونے کا مجھے اتنا ہی یقین ہے جتنا کہ مجھے اپنے ملک کے موجود ہونے کا۔ میں نے اپنے پردادا کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا۔ لیکن لوگ مجھے بتاتے ہیں کہ فلاں شخص میرا پردادا تھا اور مجھے اس خبر کی صداقت پر کامل یقین ہے۔ ٹنڈرا کا میدان صحرائے کالاہاری۔ آسٹریلیا کی کال گری اور کول گارڈی کی سونے کی کانیں میں نے ان میں سے کچھ بھی نہیں دیکھا لیکن مجھے ایام طالب علمی میں سکول میں بتایا گیا کہ وہ موجود ہیں۔ اور میں نے یقین کر لیا۔ سائنس دان اپنی لیبارٹریوں میں تجربات کرتے ہیں۔ اور نتائج سے دنیا کو آگاہ کرتے ہیں۔ ہم فوراً ان کی تحقیقات

Marfat.com

کو ان کی شہادت پر تسلیم کر لیتے ہیں۔ آج سے پچاس برس پہلے پنسلین اور کئی دوسری مفید ادویات سے دنیا آشنا تھی لیکن ڈاکٹروں کی شہادت پر ہم نے یقین کیا اور یہ دوائیاں استعمال میں آنے لگیں اور لوگ ان سے نفع اندوز ہونے شروع ہوئے۔

اسی طرح فرض کیجئے ایک کوہ پیما ماؤنٹ ایورسٹ کی چڑھائی سے واپسی پر بیان کرتا ہے کہ وہ اس بلند ترین چوٹی سے تبت میں ایک دریا کو بہتا ہوا دیکھنے میں کامیاب ہوا فرض کیجئے اگلے سال ایک اور کوہ پیما ایورسٹ کی چڑھائی میں کامیاب ہو گیا۔ اور اس نے بھی پہلے کوہ پیما کی اس خبر کی تائید کی ایورسٹ کی چوٹی سے تبت میں بہتا ہوا دریا نظر آتا ہے۔ مزید فرض کیجئے کہ دس سال مسلسل دس کوہ پیما یکے بعد دیگرے باری باری ماؤنٹ ایورسٹ پر چڑھے اور ہر ایک نے واپسی پر بیان کیا کہ ایورسٹ کی چوٹی سے تبت کا دریا نظر آتا ہے یہ بھی فرض کیجئے کہ یہ سب کے سب کوہ پیما ایسے نیک ہیں کہ ان کی زندگی جھوٹ سے کبھی داغدار نہیں ہوتی۔ ان حالات میں ہمارے لئے کوئی چارہ نہیں مگر یہ کہ ہم یقین کریں کہ ماؤنٹ ایورسٹ سے پرلی طرف تبت میں ایک دریا بہتا ہے اور وہ ایورسٹ کی چوٹی سے نظر آتا ہے۔ یہ امر حیرت ناک ہی نہیں افسوس ناک بھی ہے کہ ہم ان عام دنیا دار سائنسدانوں۔ کوہ پیماؤں اور پروفیسروں کی بتلائی ہوئی باتوں کا یقین کریں۔ لیکن جب ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر جن کا ایک ایک سانس پاکیزہ اور نورانی ہے۔ اور جن پر ان کے بڑے سے بڑے دشمن نے بھی دروغ گوئی کا الزام نہیں لگایا مسلسل یکے بعد دیگرے ہر دور ہر خطہ زمین میں پکار پکار کر لوگوں کے سامنے گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے اور وہ اس سے ہمکلام ہو چکے ہیں جنت دوزخ موجود ہیں۔

Marfat.com

اور وہ اسے دیکھ چکے ہیں۔ فرشتے موجود ہیں۔ اور وہ ان سے بالمشافہ باتیں کر چکے ہیں۔ اور خداوند تعالیٰ نے ان کو دنیا میں حدود شرعیہ کے اندر زندگی بسر کرنے کا طریقہ بتایا ہے۔ جس سے وہ راضی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بتایا ہے کہ موت کے بعد زندگی ختم نہیں ہوتی بلکہ ابدی زندگی موت کے بعد ہی شروع ہوتی ہے اور اس ابدی زندگی میں راحت کا انحصار اس بات پر ہے کہ انسان خدا اور خدا کے پیغمبروں۔ آسمانی کتابوں۔ ملائکہ۔ آخروی زندگی۔ یوم حساب اور تقدیر الٰہی کو مان لے اور پیغمبران کی معرفت بھیجے ہوئے پیغام الٰہی کے مطابق اپنی زندگی کو بسر کر دے تو ہم یہ ساری باتیں سن کر اور ان پیغمبروں کی راستبازی کا دل میں یقین ہونے کے باوجود ان کی باتوں پر ایمان نہ لائیں۔ انسان کا یہ رویّہ عقل و فکر میں نہیں آتا۔ تمام پیغمبران علیہم السلام نے اُخروی نجات کی نشان دہی کرنے کے علاوہ اس دنیا میں بھی امن سکون چین اطمینان قلب حیوٰۃ طیبہ کے حصول کا ذریعہ ایمان کامل اور اعمال صالحہ کو بتلایا۔ اور یہ کہیں نہیں بتلایا کہ دنیا کا مال اکٹھا کرنے اور ریاست حکومت وجاہت اور بڑے بڑے بنک بیلنس جمع کرنے سے پاک اور نوری زندگی اور اطمینان قلب مل سکتا ہے۔ یہ بات کم از کم میری سمجھ سے بالاتر ہے کہ اپنی زندگی کے روزمرہ کے واقعات میں انسان ہر معاملہ کا فیصلہ حتیٰ کہ قتل کے مقدمات کا فیصلہ کرنیکے لئے شہادتوں پر اعتماد کرے لیکن جب دنیا کے چوٹی کے لاتعداد راستباز مسلسل یکے بعد دیگرے اپنے تجربات اور اپنے مشاہدے سے گواہی دیں کہ اس دنیا کا صانع و خالق موجود ہے۔ تو انسان ان کی شہادت کا یقین نہ کرے اور ملحد اور گمراہ دہریوں کی قیاس آرائیوں پر

Marfat.com

آمنا. صدقنا کہہ دے انبیاء کرام علیہم السلام کی زندگیوں کا مطالعہ کیجئے۔ ان پاک لوگوں نے ساری عمر کسی کو دھوکا نہیں دیا۔ کبھی جھوٹ سے اپنی زبان کو آلودہ نہیں کیا۔ یہ پاک لوگ خود بھوکے رہتے تھے لیکن لوگوں کو کھلاتے تھے۔ خود پیوند لگے کپڑوں پر قناعت کرتے تھے۔ اور قیمتی چادریں لوگوں میں تقسیم کر دیتے تھے۔ قد آدم چاندی کا ڈھیر آتا تھا۔ حاجتمندوں میں تقسیم ہو جاتا تھا۔ لیکن اپنا گھر یاد بھی نہیں آتا تھا۔ حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کفار کی طرف سے حکومت۔ ریاست وجاہت ہر دنیوی نعمت پیش کی گئی۔ اور شرط یہ رکھی گئی کہ وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا پیغام دنیا کو نہ سنائیں۔ لیکن حضور نے یہ تمام دنیاوی لالچ ٹھکرا دیئے غور کا مقام ہے کہ اگر نعوذ باللہ حضور کو دنیا مطلوب تھی۔ تو حضور نے حکومت ریاست وجاہت کو کیوں ٹھکرا دیا اور پیغام حق سنانے پر اصرار کر کے اشد مخالفت۔ مصائب۔ تکالیف کو کیوں جھیلا۔ عام ایرے غیرے کی باتوں کو تسلیم کر لینا لیکن ایسے پاکباز۔ راست شعار بے نفس حضرات کی گواہی کو نہ ماننا ظلم عظیم نہیں تو اور کیا ہے۔ یاد رکھئے اسلام اسی بات کا نام ہے۔ کہ جو حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان پر انسان یقین لے آئے کہ وہ سچ ہے اور اس پر عمل کرے اس پر نجات کا انحصار ہے۔

حواس خمسہ اور سچی شہادت کے علاوہ علم کے حصول کا تیسرا ذریعہ ذہن اور عقل ہے فرض کیجئے آج سے پانچ سال قبل ایک شخص کو ایک مربعہ بنجر اراضی الاٹ ہوا اس نے اس میں باغ لگانے کا منصوبہ بنایا۔ پہلے سال روشیں تیار کی گئیں۔ پختہ نالیاں بنائی گئیں۔ ٹیوب ویل لگایا گیا۔ زمین ہموار کی گئی۔ دوسرے سال ایک ایکڑ

Marfat.com

میں تین تین فٹ کے فاصلے پر دیسی گلاب کے پودے لگائے گئے، دوسرے ایکڑ میں پندرہ پندرہ فٹ کے فاصلے پر امرود بوئے گئے تیسرے ایکڑ میں پچیس پچیس فٹ کے فاصلے پر قلمی آم کے پودے لگائے گئے غرضیکہ تمام مربعہ زمین میں پانچ سال کے اندر نہایت عمدہ باغ لگ گیا۔ بہت لوگ باغ دیکھنے کے لئے آئے اور سب نے اس عاقل ذہن کی داد دی جس نے ایک خاص منصوبہ کے ماتحت پانچ سال کے عرصہ میں ایک بنجر قطعہ زمین کو گل و گلزار بنا دیا۔ ایک دن جبکہ اتفاق سے باغ کا مالک یا کوئی اور کارندہ وہاں نظر نہ آتا تھا۔ ایک لال بھجکڑ وہاں آ گیا اور کہنے لگا کہ یہ باغ کسی ذہن کا مرہونِ منت نہیں ہے بلکہ نظریہ ارتقاء کے ماتحت تدریجاً خود بخود معرضِ وجود میں آ گیا ہے۔ اس کے پاس ہی ایک عاقل آدمی کھڑا تھا۔ اس نے لال بجھکڑ کے قول کی تردید کی دونوں نے دلائل دینے شروع کئے جو کہ ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے درجِ ذیل ہیں:۔

عاقل کے دلائل

۱۔ باغ کی روشیں، نالیاں، پانی کا انتظام پودوں کا مناسب فاصلہ پر ہونا ظاہر کرتا ہے کہ یہ تمام کام کسی اعلیٰ شخصیت کے دماغ کی پیداوار ہے۔

لال بجھکڑ کے دلائل

۱۔ یہ باغ پہلے ایک بنجر قطعہ اراضی تھا برسوں آندھیاں چلیں۔ بارشیں ہوئیں زلزلے آئے۔ گرمی سردی اور سطح زمین کی تبدیلی کے بیرونی و اندرونی کارکنوں نے سالہا سال کام کیا اور نتیجتاً پلاٹ بن گئے اور روشیں بن گئیں۔ پھر پرندے

Marfat.com

آئے ان کی بیٹ میں پھلوں کے بیج تھے۔ بیج اُگ آئے اور جہد للبقا اور قدرتی انتخاب کے اصول کے مطابق جو جو پودے قدرتی حالات سے مطابقت پیدا کر سکے اور اس ماحول میں پنپ سکے۔ وہ ہر پلاٹ میں نشوونما پا گئے۔ باقی رہا پودوں کا قطاروں میں ہونا ایک ہی قسم کے پودوں کا ایک ہی پلاٹ میں معین فاصلہ پر ہونا یہ محض اتفاق ہے۔

۲۔ خودرو جھاڑیوں میں نظم اور ترتیب نہیں ہو سکتی۔ حالانکہ اس باغ میں ہر پودا مناسب فاصلے پر لگا ہوا ہے اور سب کام ایک انتظام کے ماتحت ہے۔

۲۔ نظم اور ترتیب محض ایک اتفاقی امر ہے۔

۳۔ اس باغ کے ہر شعبہ میں ایک مقصد کارفرما نظر آتا ہے۔ ٹیوب ویل نالیاں روشیں غرضیکہ ہر چیز ایک مقصد کی نشان دہی کرتی ہے مقصد ہمیشہ ذہن کی پیداوار ہوتا ہے۔

۳۔ مقصد کا کوئی ثبوت نہیں۔ یہ سب کچھ بلا مقصد بھی ہو سکتا ہے۔

آپ نے فریقین کے دلائل سن لئے بعینہٖ یہی دلائل خدا پرستوں اور دہریوں کی طرف سے کائنات کی تخلیق کے متعلق دیئے جاتے ہیں۔ دہریئے کہتے ہیں کہ سورج کے پاس سے کسی بعید زمانے میں ایک ستارہ گزرا جس نے سورج کا کچھ حصہ سورج سے الگ کر دیا۔ یہ ٹکڑا سوراخ کے ارد گرد گردش کرتا ہوا ٹھنڈا ہو گیا۔ سالہا سال گزر گئے اس پر بارشیں ہوئیں اور زندگی خود بخود پیدا ہوئی اور ارتقار کے مختلف ادوار سے گزرتی ہوئی موجودہ صورت میں پہنچ گئی۔ یہ سب کچھ خود بخود ہو گیا۔ اس کا فاعل کوئی نہیں۔ سب قوانین اصول اور ترتیب جو کائنات میں جاری ہیں محض اتفاقی ہیں۔ اس کے مقابلے میں خدا پرست کہتے ہیں کہ کائنات کے اندر ایسا نظم و ضبط ترتیب ایسے قوانین اور اصول کارفرما ہیں کہ ہر سوچ اور سمجھ والا انسان یہ ماننے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ یہ کائنات ایک بہت عظیم ذہن کی پیداوار ہے جس کی کنہ کو سمجھنا انسان کیلئے دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے اور محض اتفاق کا اس میں کوئی دخل نہیں۔ غور فرمایئے کرۂ ارض میں زندگی کے لئے ہوا۔ پانی اور حرارت کی ضرورت ہے۔ ہوا اس قدر کثیر تعداد میں زمین پر موجود ہے کہ تمام حیوانات کی ضروریات کے لئے بہت کافی ہے۔ زمین کی کشش ثقل ہوا کو خلا میں اڑجانے سے بازرکھتی ہے۔ اگر زمین کا حجم چھوٹا ہوتا اور کشش ثقل بھی نتیجتہً کم ہوتی تو ہوا خلا میں بھاگ جاتی اور زندگی ناممکن ہو جاتی۔ ہوا کا ایک جزو آکسیجن ایسا ہے جو کہ تمام انسانوں اور حیوانات کی زندگی کا سبب ہے۔ سب انسان اور حیوان آکسیجن کھاتے ہیں۔ اور کاربانک ایسڈ گیس سانس کے ذریعے باہر نکالتے ہیں۔ پودے کاربانک ایسڈ گیس کھاتے ہیں۔ اور آکسیجن چھوڑتے ہیں۔

Marfat.com

آتی ہے۔ اس طرح آکسیجن انسانوں اور حیوانوں کے لئے اور کاربانک ایسڈ گیس نباتات کے لئے ہمیشہ تیار ہوتی رہتی ہے۔ اگر اس طرح آکسیجن کی سپلائی کا انتظام نہ ہوتا تو پہلا آکسیجن کا ذخیرہ کبھی کا ختم ہو گیا ہوتا اور انسانی اور حیوانی زندگی کبھی کی ختم ہو گئی ہوتی۔ نباتات کے لئے کاربانک ایسڈ گیس اور انسانوں اور حیوانوں کے لئے آکسیجن ہزارہا برس سے مسلسل مہیا ہوتی چلی آرہی ہے اور عقلمند انسان اس انتظام کو دیکھ کر حیران ہے اگر کسی خطہ زمین پر شدت گرما کی وجہ سے ہوا گرم ہو کر پھیل جائے اوپر چڑھ جائے اور خلا پیدا ہو جائے تو زیادہ دباؤ کے علاقے سے تیز رفتار آندھی آتی ہے اور پسینہ سے تر بتر لوگوں کی تکلیف کو دور کرتی ہے۔

ایک اور امر قابل غور ہے کہ آکسیجن تمام ہوا کا ۲۱ فیصد ہے یہ تناسب نہایت موزوں ہے۔ اگر آکسیجن کا تناسب کم ہوتا تو زندگی مشکل ہوتی اور اگر یہ تناسب زیادہ ہوتا تو پھر کیلی گیس ہر جگہ شعلہ زن ہو جایا کرتی۔ دیا سلائیاں طاق میں رکھے رکھے جل اٹھا کرتیں۔ پیڑ اور پٹرول دھوپ لگنے پر خود بخود جل جاتے۔ غرضیکہ زمین کا حجم ہوا میں آکسیجن کا موزوں تناسب ہوا کے زیادہ دباؤ کے علاقے سے کم دباؤ کے علاقے کی طرف تیز رفتار سے چلنا آکسیجن اور کاربانک ایسڈ گیس کے مسلسل مہیا ہونے کا انتظام ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم مانیں کہ یہ تمام انتظام کسی منتظم اعلیٰ کا رہین منت ہے اور محض اتفاق کا اس میں کوئی دخل نہیں دنیا کا تمام قابل استعمال پانی بارش سے حاصل ہوتا ہے۔ اگر دریاؤں میں پانی ہے تو بارش اور برف کا پگھلا ہوا پانی ہے۔ اگر پانی زمین سے نلکوں اور کنوؤں کے ذریعے نکلتا ہے تو بارش کا جمع

Marfat.com

شدہ ہی پانی نکلتا ہے۔ بارش کیا ہے۔ سمندر کے کھاری پانی کو سورج کی بھٹی کی گرمی سے پکا کر بخارات میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ آبی بخارات ہوا کے کندھوں پر سوار ہو کر خشکی کی طرف آتے ہیں۔ پہاڑوں سے ٹکرا کر یہ ہوائیں اوپر اٹھتی ہیں۔ بالائی طبقوں میں سردی کی وجہ سے عمل تکاثف ہو جاتا ہے اور سمندر کا پانی سمندر کے تمام نمکیات اور آلائشوں سے پاک ہو کر سمندر سے سینکڑوں میل دور مفید گیسوں کو اپنی آغوش میں لئے ہوئے زمین والوں کے لئے سرمایہ زندگی بن جاتا ہے۔

غور کا مقام ہے کہ ادنیٰ سا عمل کشید نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ بھٹی آگ اور آلات کشید نہ ہوں اور کوئی ان کو عقل اور سمجھ سے استعمال نہ کرے۔ تو اتنا بڑا عمل کشید جس میں لاکھوں ٹن نمک کا آلودہ پانی روزانہ صاف ہو کر زمینی مخلوق کو آب حیات بن کر ملتا ہے کس طرح بغیر منتظم کے ہو سکتا ہے۔ زندگی کے لئے تیسری ضروری چیز گرمی ہے گرمی سورج بہم پہنچاتا ہے۔ اگر سورج بجھ جائے تو کرہ ارضی پر زندگی ختم ہو جائے۔ ہر چیز یخ بستہ ہو جائے تمام آگ بجھ جائے تمام حیوانات اور نباتات منجمد ہو جائیں۔ دیا سلائی جلنے سے انکار کر دے غرضیکہ تمام روئے زمین کی زندگی ختم ہو جائے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ سورج اتنی گرمی کہاں سے مہیا کرتا ہے اتنی گرمی کہ سورج میں کوئی ٹھوس اور مائع چیز رہ ہی نہیں سکتی۔ آپ سورج کی گرمی کو جوہری توانائی سے منسوب کریں۔ یا کوئی اور مفروضہ اختیار کریں۔ بہرصورت یہ ماننے کے سوا چارہ نہیں کہ کرہ ارضی میں زندگی برقرار رکھنے کے لئے اتنی گرمی کے مہیا کرنے کا انتظام بغیر کسی عظیم و دانش ور ذہن کے نہیں ہو سکتا۔

دنیا کے نظام پر غور کرتے ہوئے آپ کسی چیز کو بھی کیوں نہ لیں، ہر جگہ آپ کو

کہ نہایت ہی عظیم عاقل ذہن کارفرما نظر آئیگا۔ زمین اپنے محور پر چوبیس گھنٹوں میں
تقریباً ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گھومتی ہے فرض کیجئے کہ زمین کی رفتار بجائے
ہزار میل کے ایک سو میل فی گھنٹہ ہوتی تو زمین اپنی گردش ڈھائی سو گھنٹے میں مکمل
کرتی اور ۱۲۵ گھنٹے کا دن اور ۱۲۵ گھنٹے کی رات ہوتی۔ اگر اس کے برعکس زمین
دس ہزار میل فی گھنٹہ کے حساب سے گردش کرتی تو وہ اپنی گردش صرف اڑھائی گھنٹے
میں پورا کرتی اور سوا گھنٹے کا دن اور سوا گھنٹے کی رات ہوتی۔ معلوم نہیں ان دونوں
قسم کے حالات میں کارخانے کس طرح چلتے سکول کس طرح لگتے۔ دنیا کا کاروبار
کس طرح چلتا۔ چاند کی مثال لیجئے۔ چاند کی کشش سے مدوجزر پیدا ہوتا ہے جو
جو بے شمار فوائد کا حامل ہے۔ اگر چاند اپنی موجودہ مناسب دوری پر نہ ہوتا۔ اور
نزدیک ہوتا تو چاند کی کشش زیادہ ہوتی۔ مدوجزر زیادہ زور سے آتا اور کئی ملک
پانی میں ڈوب جاتے۔ اگر سورج موجودہ مناسب فاصلہ کی بجائے زیادہ دور ہوتا
تو ہم ٹھٹھر جاتے اور اگر زیادہ قریب ہوتا تو زمین جھلس جاتی۔ اگر زمین ۶۶½ درجہ پر
جھکی ہوئی ہونے کی بجائے عموداً ہوتی تو موسم کا تغیر و تبدل ہی نہ ہوتا اور مصیبت
آجاتی یہ تمام مثالیں دینے سے میرا مقصد یہ ہے کہ کائنات میں ہر چیز موزوں اور
درست اپنی اپنی جگہ پر کام کر رہی ہے۔ اس سے زیادہ موزونیت کی گنجائش ہی
نہیں۔ آسمانوں کی طرف دیکھئے سورج چاند ستارے سیارے سب اپنے اپنے
کام میں لگے بندھے نہایت پابندی کے ساتھ اپنے اپنے فرائض کو پورا کر رہے ہیں
کوئی کمی۔ کوئی کجی۔ کوئی نقص نہیں۔ سب کام صاف چل رہا ہے۔ قرآن پاک اس
امر کی حقیقت کو یوں بیان فرماتا ہے۔

Marfat.com

مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ہ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ ہ

ترجمہ:۔ تو خداوند تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کسی چیز میں کوئی نقص نہ دیکھے گا۔ تو آسمانوں میں پھر نگاہ دوڑا کیا تجھے کوئی شگاف نظر آتا ہے۔ پھر دوبارہ نگاہ کر۔ تیری نگاہ تیری طرف ناکام اور تھک ہار کر لوٹ آئے گی۔

غور فرمایئے موسم سرما میں سایہ دار درختوں کے نیچے لوگ نہیں بیٹھتے۔ سایہ کی ضرورت ہی نہیں ہوتی اس لئے پتے قدرتی انتظام کے ماتحت جھڑ جاتے ہیں گرمیوں میں گرم ممالک میں درختوں کے سایہ کے بغیر گذارا ہی نہیں ہو سکتا۔ پس لوگوں کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے گرمیاں آتے ہی قدرتی انتظام کے ماتحت نہایت گھنے پتے پھوٹ پڑتے ہیں۔ اور لوگ نفع اٹھاتے ہیں۔ انسان کے وسائل معاش پر غور فرمایئے۔ جو علاقے زراعتی اور زرخیز ہیں۔ وہاں لوگوں کا گذارہ کھیتی پر ہوتا ہے لیکن جہاں بنجر ریگستان غیر زراعتی علاقے ہوتے ہیں اور زراعتی پیداوار کا نقدان ہوتا ہے وہاں زمین کے پیٹ میں اتنی معدنیات رکھ دی جاتی ہیں۔ کہ وہاں کے باشندے اپنی روزی کا سامان ان معدنیات سے حاصل کرتے ہیں۔ جنوبی امریکہ کی ایک شورہ کی کان کے مزدوروں کے لئے پینے کا پانی ایک سو میل دور سے لایا جاتا ہے۔ بلوچستان کی معدنیات۔ آسٹریلیا کی سونے کی کانیں صحرائے عرب کا مٹی کا تیل اس کی زندہ مثالیں ہیں۔ ان تمام مثالوں سے واضح ہے کہ یہ تمام کائنات کا کارخانہ ایسا صحیح مکمل اور دانشورانہ نظام کے ماتحت چل رہا ہے کہ انسان مجبور ہو کر یکار اٹھتا ہے کہ اس کا خالق اور اس کو چلانے والا موجود ہے۔

Marfat.com

اب ذرا اپنے جسم کی چھوٹی سی فیکٹری پر بھی غور فرمائیے جو آپ کو مفت ملی ہوئی ہے۔ ذرا اپنی آنکھ کا ملاحظہ فرمائیے اس کا خودکار عدسہ (لینز) ریٹینا پر عکس ڈالتا ہے۔ آنکھ کے خودکار اعصاب ایک مکمل فوکس بناتے ہیں۔ دماغ میں فوٹو جاتا ہے اور وہ اس چیز کی شناخت کرتا ہے۔ ایک لمحہ میں ہزاروں فوٹو دھل دھلا کر تیار ہو جاتے ہیں۔ انسان ایسا کیمرہ آج تک نہیں تیار کر سکا۔ ہماری حس شامہ انتہائی باریک ذرات کو محسوس کر لیتی ہے۔ انسانی کان تقریباً چار ہزار باریک ترین پیچیدہ محرابوں پر مشتمل ہے اور آواز کی ہر لہر کو پوری صحت کے ساتھ وصول کرتا اور دماغ تک پہنچا دیتا ہے۔ ہمارے ہضم کا نظام ایک حیرت ناک عمل ہے ہم اس کیمیائی بھٹی میں ہر چیز بلا سوچے سمجھے ٹھونستے رہتے ہیں لیکن یہ غذا معدہ میں ریزہ ریزہ ہو کر اور از سر نو تیار ہو کر ہمارے جسم کے ہر خلیے کو مسلسل پہنچائی جاتی ہے اور ہر خلیہ اپنی انفرادی ضرورت کے مطابق اس میں سے خوراک منتخب کرتا ہے۔ اس کیمیائی لیبارٹری کے ساتھ ایسا نظام ترسیل منسلک ہے جو اپنی باقاعدگی اور سرعت رفتار کے لحاظ سے لاجواب ہے۔

کیا یہ سب کچھ ایک باقاعدہ نظم۔ قاعدے مقصد اور منصوبے کی نشاندہی نہیں کرتا کیا سورج اور چاند کا زمین سے مناسب فاصلہ۔ زمین کا عام درجہ حرارت موسموں کا تغیر و تبدل۔ آکسیجن اور کاربالک ایسڈ گیس کی مسلسل سپلائی کا انتظام ہمارے اپنے اعضا اور عمل انہضام اس بات کو ثابت نہیں کرتا ہے کہ یہ سب کچھ کسی اتفاق اور امکان کا مرہون منت نہیں ہے۔ بلکہ اس کے پیچھے ایک شعور اعلیٰ اور عقل کل موجود ہے جسے کوئی گاڈ، کوئی ایشور کوئی خدا کوئی اللہ تعالیٰ کے نام سے پکارتا ہے

آپ نے فریقین کے دلائل سُن لیئے بعینہٖ یہی دلائل خدا پرستوں اور دہریوں کی طرف سے کائنات کی تخلیق کے متعلق دیئے جاتے ہیں۔ دہریئے کہتے ہیں کہ سورج کے پاس سے کسی بعید زمانے میں ایک ستارہ گزرا جس نے سورج کا کچھ حصہ سورج سے الگ کر دیا۔ یہ ٹکڑہ سورج کے ارد گرد گردش کرتا ہوا ٹھنڈا ہو گیا۔ سالہا سال گزر گئے اس پر بارشیں ہوئیں اور زندگی خود بخود پیدا ہوئی اور ارتقار کے مختلف ادوار سے گذرتی ہوئی موجودہ صورت میں پہنچ گئی۔ یہ سب کچھ خود بخود ہو گیا۔ اس کا فاعل کوئی نہیں۔ سب قوانین اصول اور ترتیب جو کائنات میں جاری ہیں محض اتفاقی ہیں۔ اس کے مقابلے میں خدا پرست کہتے ہیں کہ کائنات کے اندر ایسا نظم ضبط ترتیب۔ ایسے قوانین اور اصول کارفرما ہیں کہ ہر سوچ اور سمجھ والا انسان یہ ماننے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ یہ کائنات ایک بہت عظیم ذہن کی پیداوار ہے جس کی کنہ کو سمجھنا انسان کیلئے دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے اور محض اتفاق کا اس میں کوئی دخل نہیں۔ غور فرمایئے کرۂ ارض میں زندگی کے لئے ہوا، پانی اور حرارت کی ضرورت ہے۔ ہوا اس قدر کثیر مقدار میں زمین پر موجود ہے کہ تمام حیوانات کی ضروریات کے لئے بہت کافی ہے۔ زمین کی کشش ثقل ہوا کو خلا میں اڑ جانے سے باز رکھتی ہے۔ اگر زمین کا حجم چھوٹا ہوتا اور کشش ثقل بھی نتیجتہً کم ہوتی تو ہوا خلا میں بھاگ جاتی اور زندگی ناممکن ہو جاتی۔ ہوا کا ایک جزو آکسیجن ایسا ہے جو کہ تمام انسانوں اور حیوانات کی زندگی کا سبب ہے۔ سب انسان اور حیوان آکسیجن کھاتے ہیں۔ اور کاربالک ایسڈ گیس سانس کے ذریعے باہر نکالتے ہیں۔ پودے کاربالک ایسڈ گیس کھاتے ہیں۔ اور آکسیجن چھوڑتے ہیں۔

Marfat.com

آتی ہے۔ اس طرح آکسیجن انسانوں اور حیوانوں کے لئے اور کاربانک ایسڈ گیس نباتات کے لئے ہمیشہ تیار ہوتی رہتی ہے۔ اگر اس طرح آکسیجن کی سپلائی کا انتظام نہ کیا جاتا۔ تو پہلا آکسیجن کا ذخیرہ کبھی کا ختم ہو گیا ہوتا اور انسانی اور حیوانی زندگی کبھی کی ختم ہو گئی ہوتی۔ نباتات کے لئے کاربانک ایسڈ گیس اور انسانوں اور حیوانوں کے لئے آکسیجن ہزارہا برس سے مسلسل مہیا ہوتی چلی آرہی ہے اور عقلمند انسان اس انتظام کو دیکھ کر حیران ہے اگر کسی خطہ زمین پر شدت گرمی کی وجہ سے ہوا گرم ہو کر ہیں جائے اوپر چڑھ جائے اور خلا پیدا ہو جائے تو زیادہ دباؤ کے علاقہ سے تیز رفتار آندھی آتی ہے اور پسینہ سے تر بتر لوگوں کی تکلیف کو دور کرتی ہے۔

ایک اور امر قابل غور ہے کہ آکسیجن تمام ہوا کا ۲۱ فیصد ہے یہ تناسب نہایت موزوں ہے۔ اگر آکسیجن کا تناسب کم ہوتا تو زندگی مشکل ہوتی اور اگر یہ تناسب زیادہ ہوتا تو یہ بھڑکیلی گیس ہر جگہ شعلہ زن ہو جایا کرتی۔ دیا سلائیاں طاق میں رکھے رکھے جل اٹھا کرتیں پتے اور سبزہ دھوپ لگنے پر خود بخود جل جاتے۔ غرضیکہ زمین کا حجم ہوا میں آکسیجن کا موزوں تناسب ہوا کے زیادہ دباؤ کے علاقے سے کم دباؤ کے علاقے کی طرف تیز رفتار سے چلنا آکسیجن اور کاربانک ایسڈ گیس کے مسلسل مہیا ہونے کا انتظام ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم مانیں کہ یہ تمام انتظام کسی منتظم اعلیٰ کا رہین منت ہے اور محض اتفاق کا اس میں کوئی دخل نہیں دنیا کا تمام قابل استعمال پانی بارش سے حاصل ہوتا ہے۔ اگر دریاؤں میں پانی ہے تو بارش اور برف کا پگھلا ہوا پانی ہے۔ اگر پانی زمین سے نلکوں اور کنوؤں کے ذریعے نکلتا ہے تو بارش کا جمع

Marfat.com

شدہ ہی پانی نکلتا ہے۔ بارش کیا ہے۔ سمندر کے کھاری پانی کو سورج کی بھٹی کی گرمی سے پکا کر بخارات میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ آبی بخارات ہوا کے کندھوں پر سوار ہو کر خشکی کی طرف آتے ہیں۔ پہاڑوں سے ٹکرا کر یہ ہوائیں اوپر اٹھتی ہیں۔ بالائی طبقوں میں سردی کی وجہ سے عمل تکاثف ہو جاتا ہے اور سمندر کا پانی سمندر کے تمام نمکیات اور آلائشوں سے پاک ہو کر سمندر سے سینکڑوں میل دور مفید گیسوں کو اپنی آغوش میں لئے ہوئے زمین والوں کے لئے سرمایہ زندگی بن جاتا ہے۔

غور کا مقام ہے کہ ادنیٰ سا عمل کرشمہ نہیں ہو سکتا جب تک کہ بھٹی آگ اور آلات کرشمہ نہ ہوں اور کوئی ان کو عقل اور سمجھ سے استعمال نہ کرے۔ تو اتنا بڑا عمل کشید جس میں لاکھوں ٹن نمک کا آلودہ پانی روزانہ صاف ہو کر زمینی مخلوق کو آب حیات بن کر ملتا ہے کس طرح بغیر منتظم کے ہو سکتا ہے۔ زندگی کے لئے تیسری ضروری چیز گرمی ہے گرمی سورج بہم پہنچاتا ہے۔ اگر سورج بجھ جائے تو کرہ ارضی پر زندگی ختم ہو جائے۔ ہر چیز یخ بستہ ہو جائے تمام آگ بجھ جائے تمام حیوانات اور نباتات منجمد ہو جائیں۔ دیا سلائی جلنے سے انکار کر دے غرضیکہ تمام روئے زمین کی زندگی ختم ہو جائے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ سورج اتنی گرمی کہاں سے مہیا کرتا ہے اتنی گرمی کہ سورج میں کوئی ٹھوس اور مائع چیز رہ ہی نہیں سکتی۔ آپ سورج کی گرمی کو جوہری توانائی سے منسوب کریں یا کوئی اور مفروضہ اختیار کریں۔ بہر صورت یہ ماننے کے سوا چارہ نہیں کہ کرۂ ارضی میں زندگی برقرار رکھنے کے لئے اتنی گرمی کے مہیا کرنے کا انتظام بغیر کسی عظیم دانش ور ذہن کے نہیں ہو سکتا

دنیا کے نظام پر غور کرتے ہوئے آپ کسی چیز کو بھی کیوں نہ لیں۔ ہر جگہ آپ کو

Marfat.com

نہایت ہی عظیم عاقل ذہن کارفرما نظر آئیگا۔ زمین اپنے محور پر چوبیس گھنٹوں میں تقریباً ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گھومتی ہے فرض کیجئے کہ زمین کی رفتار بجائے ہزار میل کے ایک سو میل فی گھنٹہ ہوتی تو زمین اپنی گردش ڈھائی سو گھنٹے میں مکمل کرتی اور ۱۲۵ گھنٹے کا دن اور ۱۲۵ گھنٹے کی رات ہوتی۔ اگر اس کے برعکس زمین دس ہزار میل فی گھنٹہ کے حساب سے گردش کرتی تو وہ اپنی گردش صرف ڈھائی گھنٹے میں پورا کرتی اور سوا گھنٹے کا دن اور سوا گھنٹے کی رات ہوتی۔ معلوم نہیں ان دونوں قسم کے حالات میں کارخانے کس طرح چلتے سکول کس طرح لگتے۔ دنیا کا کاروبار کس طرح چلتا۔ چاند کی طرف دیکھئے چاند کی کشش سے مد وجزر پیدا ہوتا ہے جو بے شمار فوائد کا حامل ہے۔ اگر چاند اپنی موجودہ مناسب دوری پر نہ ہوتا۔ اور نزدیک ہوتا تو چاند کی کشش زیادہ ہوتی۔ مد وجزر زیادہ زور سے آتا اور کئی ملک پانی میں ڈوب جاتے۔ اگر سورج موجودہ مناسب فاصلہ کی بجائے زیادہ دور ہوتا تو ہم ٹھٹھر جاتے اور اگر زیادہ قریب ہوتا تو زمین جھلس جاتی۔ اگر زمین ۶۶½ درجہ پر جھکی ہوئی ہونے کی بجائے عموداً ہوتی تو موسم کا تغیر و تبدل ہی نہ ہوتا اور مصیبت آجاتی یہ تمام مثالیں دینے سے میرا مقصد یہ ہے کہ کائنات میں ہر چیز موزوں اور درست اپنی اپنی جگہ پر کام کر رہی ہے۔ اس سے زیادہ موزونیت کی گنجائش نہیں۔ آسمانوں کی طرف دیکھئے سورج چاند ستارے سیارے سب اپنے اپنے کام میں لگے بندھے نہایت پابندی کے ساتھ اپنے اپنے فرائض کو پورا کر رہے ہیں کوئی کمی۔ کوئی کجی۔ کوئی نقص نہیں۔ سب کام صاف چل رہا ہے۔ قرآن پاک اس ابدی حقیقت کو یوں بیان فرماتا ہے۔

Marfat.com

مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ہ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ ہ

ترجمہ:- تو خداوند تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کسی چیز میں کوئی نقص نہ دیکھے گا۔ تو (آسمانوں میں) پھر نگاہ دوڑا کیا تجھے کوئی شگاف نظر آتا ہے۔ پھر دوبارہ نگاہ کر تیری نگاہ تیری طرف ناکام اور تھک ہار کر لوٹ آئے گی۔

غور فرمائیے موسم سرما میں سایہ دار درختوں کے نیچے لوگ نہیں بیٹھتے۔ سایہ کی ضرورت ہی نہیں ہوتی اس لئے پتے قدرتی انتظام کے ماتحت جھڑ جاتے ہیں گرمیوں میں گرم ممالک میں درختوں کے سایہ کے بغیر گزارا ہی نہیں ہو سکتا۔ پس لوگوں کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے گرمیاں آتے ہی قدرتی انتظام کے ماتحت نہایت گھنے پتے پھوٹ پڑتے ہیں۔ اور لوگ نفع اٹھاتے ہیں۔ انسان کے وسائل معاش پر غور فرمائیے۔ جو علاقے زراعتی اور زرخیز ہیں۔ وہاں لوگوں کا گذارہ کھیتی پر ہوتا ہے لیکن جہاں بنجر ریگستان غیر زراعتی علاقے ہوتے ہیں اور زراعتی پیداوار کا فقدان ہوتا ہے وہاں زمین کے پیٹ میں اتنی معدنیات رکھ دی جاتی ہیں۔ کہ وہاں کے باشندے اپنی روزی کا سامان ان معدنیات سے حاصل کرتے ہیں۔ جنوبی امریکہ کی ایک شورہ کی کان کے مزدوروں کے لئے پینے کا پانی ایک سو میل دور سے لایا جاتا ہے۔ بلوچستان کی معدنیات۔ آسٹریلیا کی سونے کی کانیں صحرائے گوبی کا مٹی کا تیل اس کی زندہ مثالیں ہیں۔ ان تمام مثالوں سے واضح ہے کہ یہ تمام کائنات کا کارخانہ ایسا صحیح مکمل اور دانشورانہ نظام کے ماتحت چل رہا ہے کہ انسان مجبور ہو کر پکار اٹھتا ہے کہ اس کا خالق اور اس کو چلانے والا موجود ہے۔

اب ذرا اپنے جسم کی چھوٹی سی فیکٹری پر بھی غور فرمائیے جو آپ کو مفت ملی ہوئی ہے۔ ذرا اپنی آنکھ کا ملاحظہ فرمائیے اس کا خودکار عدسہ (لینز) ریٹینا پر عکس ڈالتا ہے۔ آنکھ کے خودکار اعصاب ایک مکمل فوکس بناتے ہیں۔ دماغ میں فوٹو جاتا ہے اور وہ اس چیز کی شناخت کرتا ہے۔ ایک لمحہ میں ہزاروں فوٹو ڈھل ڈھل کر تیار ہو جاتے ہیں۔ انسان ایسا کیمرہ آج تک نہیں تیار کر سکا۔ ہماری حسِ شامہ انتہائی باریک ذرات کو محسوس کر لیتی ہے۔ انسانی کان تقریباً چار ہزار باریک ترین پیچیدہ محرابوں پر مشتمل ہے اور آواز کی ہر لہر کو پوری صحت کے ساتھ وصول کرتا اور دماغ تک پہنچا دیتا ہے۔ ہمارے ہضم کا نظام ایک حیرت ناک عمل ہے ہم اس کیمیائی بھٹی میں ہر چیز بلا سوچے سمجھے ٹھونستے رہتے ہیں۔ لیکن یہ غذا معدہ میں ریزہ ریزہ ہو کر اور از سرِ نو تیار ہو کر ہمارے جسم کے ہر خلیے کو مسلسل پہنچائی جاتی ہے اور ہر خلیہ اپنی انفرادی ضرورت کے مطابق اس میں سے خوراک منتخب کرتا ہے۔ اس کیمیائی لیبارٹری کے ساتھ ایسا نظامِ ترسیل منسلک ہے جو اپنی باقاعدگی اور سرعتِ رفتار کے لحاظ سے لاجواب ہے۔

کیا یہ سب کچھ ایک باقاعدہ نظم۔ قاعدے مقصد اور منصوبے کی نشاندہی نہیں کرتا کیا سورج اور چاند کا زمین سے مناسب فاصلہ۔ زمین کا عام درجہ حرارت موسموں کا تغیر و تبدل۔ آکسیجن اور کاربانک ایسڈ گیس کی مسلسل سپلائی کا انتظام ہمارے اپنے اعضا اور عمل انہضام اس بات کو ثابت نہیں کرتا ہے کہ یہ سب کچھ کسی اتفاق اور امکان کا مرہونِ منت نہیں ہے۔ بلکہ اس کے پیچھے ایک شعورِ اعلیٰ اور عقل کی موجو ہے جسے کوئی گاڈ، کوئی ایشور کوئی خدا کوئی اللہ تعالیٰ کے نام سے پکارتا ہے

Marfat.com

حیرت ہے کہ مادہ پرست اچھی طرح جانتے ہیں کہ امریکہ اور روس جو مصنوعی سیارے خلا میں بھیجتے ہیں۔ ان کے پیچھے کروڑوں روپیہ کا خرچ عظیم انسانی دماغوں کی بلند منصوبے انتھک محنت اور مسلسل کوشش ہوتی ہے۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ اتنی پیہم سعی اور اتنی سوچ سمجھ کے بغیر کوئی سیارچہ خلا میں سفر نہیں کر سکتا۔ لیکن زمین زہرہ مریخ۔ عطارد۔ مشتری وغیرہ کے متعلق وہ بلا تامل حکم لگا دیتے ہیں کہ یہ سب اپنی اپنی گردش اپنے اپنے مدار میں ایک سیکنڈ کے لاکھویں حصہ کی درستی کے ساتھ ساتھ خود بخود کر رہے ہیں اور ان کے پیچھے کوئی ہاتھ کوئی ذہن کوئی منصوبہ کارفرما نہیں۔

بریں عقل و دانش بباید گریست

مادہ پرستوں سے چند سوال ہر زمانے میں پوچھے گئے ہیں میں ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے ان سوالات کو ذیل میں درج کرتا ہوں اور مادہ پرستوں سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ محض اتفاق اتفاق کی رٹ لگاتے جانا کہ یہ اتفاق سے ہوگیا۔ وہ بھی اتفاق سے ہوگیا۔ سب کچھ اتفاق سے خود بخود ہوگیا کسی طرح مناسب نہیں۔ وہ ضد اور تعصب کو چھوڑ کر اس معاملہ پر ٹھنڈے دل سے غور کریں کہ کیا یہ کائنات کا موٹر خود بخود بن گیا۔ اور بغیر تیل و ڈرائیور خود بخود چل رہا ہے۔ کیا اتنے انبیاء کرام علیہم السلام کی شہادتوں اور اتنے سچے ارفع و اعلیٰ ترین بزرگوں کے اقوال صادقہ کی تردید کرنا اور اپنے وہم کے پیچھے ہٹ دھرمی سے لگے رہنا تعصب اور تنگ دلی کا نشان تو نہیں ہے۔ میں مادہ پرستوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ تعصب۔ ضد۔ ہٹ دھرمی کی عینک اتار کر مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں۔

۱۔ انبیاء کرام علیہم السلام نے اگر بفرض محال (نعوذ باللہ) آپ کے خیال کے مطابق

Marfat.com

دنیا کو دھوکا دیا اور ہر نبی نے (نعوذ باللہ) یکے بعد دیگرے تمام دنیا کے سامنے غلط بیانی کی تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ان حضرات کا لوگوں کو دھوکے دینے سے (MOTIVE) مقصد کیا تھا۔ دنیا میں دھوکا دہی کی وارداتیں کسی خاص مقصد کے ماتحت کی جاتی ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام کا مقصد واضح کیجئے۔

۲۔ کیا وجہ ہے کہ ان انبیاء کرام علیہم السلام نے صرف یہی ایک امر کہ خدا موجود ہے اور وہ خدا سے ہمکلام ہوتے ہیں۔ جھوٹ بولنے کے لئے منتخب کیا اور باقی تمام عمر کسی بات پر جھوٹ نہ بولا حتےٰ کہ ان کے مخالفین بھی ان کو راست باز اور امین کہتے رہے ایسا کیوں ہوا۔

۳۔ آپ کے خیال میں کسی بعید زمانے میں سورج کے پاس اتفاقیہ ایک ستارہ گذرا۔ اس ستارے کی کشش سے سورج کے کچھ ٹکڑے سورج سے علیحدہ ہو گئے اور سورج کے اردگرد گھومنے لگے۔ ان ٹکڑوں میں سے ہماری زمین کا ٹکڑا کئی لاکھ برس کے بعد ٹھنڈا ہو گیا۔ زندگی پنپنے کے لئے مطابق حالات لاکھوں برس کے بعد خود بخود پیدا ہو گئے۔ پھر اتفاقیہ...... پہلی زندگی ایمیبا نامی ایک کیڑے کی صورت میں نمودار ہوئی اور یہی زندگی قدرتی انتخاب اور جہد للبقا کے اصول کے ماتحت مختلف ادوار میں سے گذرتی ہوئی اور مچھلیوں۔ وھیلوں۔ ہاتھیوں لینڈروں وغیرہ وغیرہ کی شکل اختیار کرتی ہوئی آخرکار ایک خاص حیوان کی شکل میں ظاہر ہوئی اور یہی حیوان مدت مدید کے بعد خود بخود انسانی شکل اختیار کر گیا۔

اس نظریہ کے مطابق انسان کا مورث اعلےٰ حیوانات ہے اور انسان حیوانی فطرت حیوانی جذبات۔ حیوانی جبلتوں۔ حیوانی رجحانات کے علاوہ کسی نئی چیز روح

حیرت ہے کہ مادہ پرست اچھی طرح جانتے ہیں کہ امریکہ اور روس جو مصنوعی سیارے خلا میں بھیجتے ہیں۔ ان کے پیچھے کروڑوں روپیہ کا خرچ عظیم انسانی تیاری طے شدہ منصوبے انتھک محنت اور مسلسل کوشش ہوتی ہے۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ اتنی پیہم سعی اور اتنی سوچ سمجھ کے بغیر کوئی سیارچہ خلا میں سفر نہیں کر سکتا۔ لیکن زمین زہرہ مریخ۔ عطارد۔ مشتری وغیرہ کے متعلق وہ بلا تامل حکم لگا دیتے ہیں کہ یہ سب اپنی اپنی گردش اپنے اپنے مدار میں ایک سیکنڈ کے لاکھویں حصہ کی درستی کے ساتھ خود بخود کر رہے ہیں اور ان کے پیچھے کوئی ہاتھ کوئی ذہن کوئی منصوبہ کارفرما نہیں۔

بریں عقل و دانش بباید گریست

مادہ پرستوں سے چند سوال ہر زمانے میں پوچھے گئے ہیں میں ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے ان سوالات کو ذیل میں درج کرتا ہوں اور مادہ پرستوں سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ محض اتفاق اتفاق کی رٹ لگائے جانا کہ یہ اتفاق سے ہو گیا۔ وہ بھی اتفاق سے ہو گیا۔ سب کچھ اتفاق سے خود بخود ہو گیا۔ کسی طرح مناسب نہیں۔ وہ ضد اور تعصب کو چھوڑ کر اس معاملہ پر ٹھنڈے دل سے غور کریں کہ کیا یہ کائنات کا موٹر خود بخود بن گیا۔ اور بغیر تیل و ڈرائیور خود بخود چل رہا ہے۔ کیا اتنے انبیاء کرام علیہم السلام کی شہادتوں اور اتنے سچے ارفع و اعلیٰ ترین بزرگوں کے اقوال صادقہ کی تردید کرنا اور اپنے وہم کے پیچھے ہٹ دھرمی سے لگے رہنا تعصب اور تنگ دلی کا نشان تو نہیں ہے۔ بلکہ مادہ پرستوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ تعصب۔ ضد۔ ہٹ دھرمی کی عینک اتار کر مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں۔

۱۔ انبیاء کرام علیہم السلام نے اگر بفرض محال (نعوذ باللہ) آپ کے خیال کے مطابق

Marfat.com

دنیا کو دھوکا دیا اور پھر نبی بننے (نعوذ باللہ) یکے بعد دیگرے تمام دنیا کے سامنے غلط بیانی کی تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ان حضرات کا لوگوں کو دھوکے دینے سے (MOTIVE) مقصد کیا تھا۔ دنیا میں دھوکا دہی کی وارداتیں کسی خاص مقصد کے ماتحت کی جاتی ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام کا مقصد واضح کیجئے۔

۲۔ کیا وجہ ہے کہ ان انبیاء کرام علیہم السلام نے صرف یہی ایک امر کہ خدا موجود ہے اور وہ خدا سے ہمکلام ہوتے ہیں۔ جھوٹ بولنے کے لئے منتخب کیا اور باقی تمام عمر کسی بات پر جھوٹ نہ بولا حتٰی کہ ان کے مخالفین بھی ان کو راست باز اور امین کہتے رہے ایسا کیوں ہوا۔

۳۔ آپ کے خیال میں کسی بعید زمانے میں سورج کے پاس اتفاقیہ ایک ستارہ گذرا۔ اس ستارے کی کشش سے سورج کے کچھ ٹکڑے سورج سے علیحدہ ہو گئے اور سورج کے اردگرد گھومنے لگے۔ ان ٹکڑوں میں سے ہماری زمین کا ٹکڑا کئی لاکھ برس کے بعد ٹھنڈا ہو گیا۔ زندگی پنپنے کے لئے مطابق حالات لاکھوں برس کے بعد خود بخود پیدا ہو گئے۔ پھر اتفاقیہ ...... پہلی زندگی کائی یا نامی ایک کیڑے کی صورت میں نمودار ہوئی اور یہی زندگی تدریجی انتخاب اور جہد للبقا کے اصولوں کے ماتحت مختلف ادوار میں سے گذرتی ہوئی اور مچھلیوں۔ وھیلوں۔ ہاتھیوں لبنڈرل وغیرہ وغیرہ کی شکل اختیار کرتی ہوئی آخرکار ایک خاص حیوان کی شکل میں ظاہر ہوئی اور یہی حیوان مدت مدید کے بعد خود بخود انسانی شکل اختیار کر گیا۔

اس نظریہ کے مطابق انسان کا مورث اعلےٰ حیوان ہے اور انسان حیوانی فطرت حیوانی جذبات۔ حیوانی جبلتوں حیوانی رجحانات کے علاوہ کسی نئی چیز ر درج

Marfat.com

انسانی وغیرہ سے ممتاز نہیں۔ میں اس مفروضہ پر حسب ذیل سوال کرتا ہوں۔

(الف) تمام حیوانات اپنی جبلتوں میں یکساں ہیں وہ جبلتوں کے غلام ہیں کسی حیوان کے سامنے مکڑی سے لے کر ہاتھی تک بھوک کی حالت میں خوراک رکھئے وہ ضرور اس کو کھائے گا۔ اس کی طاقت سے باہر ہے کہ وہ اس خوراک کو نہ کھائے۔ میرا سوال یہ ہے۔

اگر انسان واقعی حیوانات کی ہی اولاد ہے اور اُس کی تمام عادات وراثتاً اُسے حیوانات سے ہی ملی ہیں تو اس میں یہ نئی طاقت کہاں سے آگئی کہ وہ روزہ رکھے۔

(ب) ہر حیوان ہر قیمت پر اپنی جان کا تحفظ کرتا ہے انسان میں جو کہ آپ کے خیال میں حیوانات کی اولاد اور ان کی جبلتوں اور عادات کا وارث ہے یہ نئی طاقت کہاں سے آگئی کہ وہ خودکشی بھی کر سکتا ہے۔

(ج) کسی حیوان کو احساس خودی نہیں وہ بے شعور ہے سب حیوان اس میں مشترک ہیں اگر انسان بھی حیوان ہی کی اولاد ہے تو اُس میں یہ نئی چیز احساس خودی اور شعور کہاں سے آگیا یہ یقینی ہے کہ ایسی یہ چیزیں وراثت میں نہیں ملیں اگر وراثت میں نہیں ملیں تو کہاں سے آگئیں۔ کیا یہ بھی محض اتفاق ہی ہے۔

(نوٹ) کیا ہی اچھا ہو کہ خداوند تعالیٰ کی ہستی کو مان لیں اور سب سوال خود بخود ہی حل ہو جائیں۔)

(د) کوئی حیوان اتنا ذہن اور اتنی عقل بھی نہیں رکھتا کہ دس تک گن سکے اگر انسان کا مورث اعلیٰ حیوان ہی ہے اور انسان نے سب کچھ حیوانوں سے ورثہ میں

Marfat.com

پایا ہے تو انسان نے ریاضی کے اعلیٰ علوم کہاں سے حاصل کیے۔

(س) کثیر شواہد اور ان گنت واقعات ثابت کرتے ہیں کہ بعض انسانوں کو بذریعہ خواب یا الہام یا کشف مستقبل کے واقعات کا علم ہو جاتا ہے خداوند تعالیٰ کو ماننے والا تو اس کی توجیہ یہ کرتا ہے کہ یہ علوم منجانب اللہ ہوتے ہیں۔ مادہ پرست اس کی وجہ بیان کریں کہ انسان کو مستقبل کے واقعات کا علم کس طرح ہو جاتا ہے اور محض اتفاق کہہ کر جان چھڑانے کی کوشش نہ کریں۔

میں مادہ پرستوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ مندرجہ بالا تمام سوالات پر کھلے ذہن سے اور غیر متعصبانہ طور پر غور فرمائیں۔ اس بات کو بھی ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ بے جان مادے سے کیڑے کی شکل میں پہلی زندگی کس طرح پیدا ہو سکتی ہے وہ بے جوڑ بے ڈھنگی تھیوریوں کو چھوڑ کر خداوند تعالیٰ پر ایمان لا کر موجودہ بے راہروی۔ فحاشی۔ بدکاری۔ بے ایمانی۔ خودغرضی کھلی۔ دنیا پرستی اور ہر طرح کی الابلا سے جو کہ اس وقت دنیا میں قومی اور بین الاقوامی سطح پر موجود ہے سے لوگوں کو بچائیں یاد رکھیے جس اخلاق کی بنیاد خدا کے خوف اور آخرت کے محاسبہ پر ہے۔ وہی اخلاق پائیدار اور آزمائش پر پورا اترتا ہے۔ باقی ریت کا گھروندہ ہے جو پہلے امتحان میں ہی پاش پاش ہو جاتا ہے۔ لیگ آف نیشنز دنیا کو دوسری عالمگیر جنگ سے نہ بچا سکی۔ انجمن اقوام متحدہ دنیا کو تیسری جنگِ عظیم سے نہیں بچا سکے گی اگر کوئی چیز دنیا کو ہلاکت کے گڑھے سے بچا سکتی ہے تو وہ صرف خوفِ خدا ہے

حواس خمسہ یعنی شہادت اور عقل کے علاوہ علم کے حاصل کرنے کا چوتھا ذریعہ وحی، الہام، کشف اور سچا خواب ہے۔ رات کو مجھے خواب آتا ہے کہ میرے فلاں دوست کا

Marfat.com

خط آ دیا ہے اور اس میں ایک دوسرے دوست کا خط بھی ملفوف ہے۔ صبح کو بعینہ ملک میں وہی خط مجھے مل جاتا ہے جس میں دوسرا خط بھی ملفوف ہوتا ہے۔ وحی، الہام کشف اور خواب عقل اور استدلال کے مرہونِ منت نہیں ان کے ذریعے علوم استدلال کے درمیانی زینوں کے بغیر قلب پر منکشف ہوتے ہیں۔ آپ کسی پیغام رساں کبوتر کو کسی ہوا دار بکس میں بند کر کے بذریعہ ریل دو ہزار میل کے فاصلے پر لے جائیے اور وہاں اسے چھوڑ دیجئے۔ وہ ناک کی سیدھ اڑ کر گھر پہنچ جائے گا۔ آپ اسے جبلت کہہ دیں یا کچھ اور نام دے دیں، بہر صورت کبوتر کا یہ فعل اس کے حواس خمسہ یا ذہن کی پیداوار نہیں ہے۔ اس کی رہنمائی حقیقی راہنما کی طرف سے کی جاتی ہے۔

مرغابیاں سردیوں میں ہزاروں میل کا سفر کر کے گرم ممالک میں آجاتی ہیں اور سردیاں گزار کر ناک کی سیدھ اپنے گھونسلوں میں واپس پہنچ جاتی ہیں۔

سامن مچھلی سالہا سال سمندر میں بسر کرنے کے بعد سیدھی اس ندی میں اس جگہ پہنچ جاتی ہے۔ جہاں وہ پیدا ہوئی تھی۔

گریج مچھلی دریاؤں میں جوان ہوتی ہے پھر ہزارہا میل دور جنوبی برمودا کے جزائر کا رخ کرتی ہے وہاں جا کر وہ بچے دیتی ہے اور مر جاتی ہے۔ یہ بچے جوان ہو کر ہزاروں میل کا سفر طے کر کے وہاں ہی ان دریاؤں میں چلے جاتے ہیں۔ جہاں سے ان کے ماں باپ آئے تھے۔ اور جب یہ بچے عالمِ شباب کو پہنچتے ہیں تو پھر جزائر برمودا کا رخ کرتے ہیں بچے دیتے ہیں۔ اور مر جاتے ہیں۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس مچھلی کے جسم کے ذرات میں خود بخود راستوں سمتوں کا ادراک پیدا ہو جاتا ہے یا کوئی مخفی طاقت اس کی رہنمائی کرتی ہے۔

Marfat.com

شہد کی مکھیاں اپنے چھتے ایسے طریق سے بناتی ہیں کہ چھوٹے خانوں میں کام کرنے والی نوزائیدہ مکھیاں درمیانی خانوں میں نکھٹو اور بڑے خانوں میں آئندہ ہونے والی رانیاں پرورش پاتی ہیں۔ ان سب کو خاص غذا فراہم کی جاتی ہے لیکن کچھ عرصہ بعد مستقبل کی رانیوں کو مختلف غذا دی جاتی ہے اور اس خاص غذا پر پلی ہوئی۔ وہ مکھیاں آخرکار رانیاں بن جاتی ہیں۔ اور انڈے وقت پر انڈے دیتی ہیں۔

قرآن پاک میں مذکور ہے:۔

وَاَوْحٰی رَبُّکَ اِلَی النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِیْ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا یَعْرِشُوْنَ ۝ ثُمَّ کُلِیْ مِنْ کُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُکِیْ سُبُلَ رَبِّکِ ذُلُلًا

اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کو حکم دیا کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور ان چھتوں میں گھر بنا جو اس کے لئے بناتے ہیں۔ پھر ہر قسم کے میووں سے کھا۔ پھر اپنے رب کی تجویز کردہ آسان راہوں پر چل۔

اسی طرح خداوند تعالیٰ کی طرف سے انسان کی رہنمائی ہوتی ہے۔ موجد کسی ایجاد میں مصروف ہے۔ ایک خاص مقام پر پہنچ کر ایک خاص مشکل پیدا ہو جاتی ہے۔ جو کسی طریق سے حل نہیں ہوتی۔ دو تین دن گذر جاتے ہیں اچانک سوتے وقت اس کو اچانک ایسا خیال آتا ہے جو بالکل نیا ہوتا ہے اور پچھلے سب خیالات سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ موجد اس خیال پر عمل کرتا ہے اور کامیاب ہو جاتا ہے۔ آپ تمام ایجادوں کی تاریخ کا مطالعہ کریں آپ پائیں گے کہ تقریباً تمام کی تمام ایجادوں کا مرکزی نکتہ خیال انسانی ذہن کی پیداوار نہیں تھا بلکہ ایک باہر سے آیا ہوا خارجی خیال تھا۔ جسے آپ کچھ بھی کہیں لیکن میں اسے

Marfat.com

قادرِ مطلق کی الہامی رہنمائی کے بغیر اور کچھ نہیں کہہ سکتا۔ الہام خواب کشف سے بلند درجہ وحی ہے۔

ابدی حقیقتوں کے انکشاف کا سب سے بڑا یقینی اور محکم ذریعہ وحی الٰہی ہے۔ جو انبیاء کرام علیہم السلام پر نازل ہوتی ہے۔ اور اس سے ان حقائق کا انکشاف ہوتا ہے جو عقل انسانی اور حواسِ خمسہ سے ورالوریٰ ہیں۔ جہاں عقل انسان کی پرواز ختم ہوتی ہے۔ اس سرحد سے وحی شروع ہوتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی الٰہی کا نزول ۲۳ برس تک رہا اور یہ حرف حرف قرآن پاک کی صورت میں محفوظ ہے۔ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن پاک کی تشریح با الہام الٰہی فرمائی۔

یہ تشریح و توضیح احادیث میں درج ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کا مطالعہ اس وقت کی راہ گم کردہ انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے میں ذیل میں چند احادیث درج کرتا ہوں تاکہ آپ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم کا نمونہ دیکھ سکیں۔ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

۱۔ بہترین کمائی وہ ہے جو اپنے ہاتھ کی ہو۔

۲۔ امانت دار تاجر اور راستباز مسلمان قیامت کے دن شہیدوں میں شمار ہونگے جو تاجر کو رزق اور ذخیرہ اندوز کو لعنت ملے گی۔

۳۔ بہترین ایمان یہ ہے کہ لوگ تم سے امان میں رہیں۔ اور بہترین اسلام یہ ہے کہ لوگ تمہارے ہاتھ اور زبان سے سلامت رہیں۔

۴۔ سب سے بڑا آدمی وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو۔

Marfat.com

۶۔ پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو۔ جوانی کو بڑھاپے سے قبل صحت کو بیماری سے قبل۔ دولت کو فقیری سے قبل۔ زندگی کو موت سے قبل۔ اور فراغت کو مصروفیت سے قبل۔

۷۔ کوئی مرض بخل سے بڑا نہیں۔

۸۔ لوگوں کو ذلیل و رسوا کرنے والے سے بدتر کوئی آدمی نہیں۔

۹۔ میں اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کے لئے آیا ہوں۔

۱۰۔ مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ نورِ الٰہی سے دیکھتا ہے۔

۱۱۔ مظلوم کی بددعا سے ڈرو کیونکہ اس کی بددعا شعلہ کی طرح آسمان پر جاتی ہے۔

۱۲۔ غصے کی حالت میں اگر کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ۔ بیٹھے ہو تو لیٹ جاؤ۔

۱۳۔ بیوی کا خاوند سے کہنا کہ مجھے تم سے کبھی کوئی آرام نہیں ملا۔ اس کے عمل کو برباد کر دیتا ہے۔

۱۴۔ جب تمہارے حاکم شریر۔ تمہارے دولتمند کنجوس اور تمہیں مشورہ دینے والی عورتیں ہوں تو زمین ساری خیر و برکت نگل لیتی ہے۔

۱۵۔ گویا اس کو دونوں جہاں کی نعمتیں مل گئیں جس کو یہ چار چیزیں مل گئیں اللہ کا ذکر کرنے والی زبان۔ فکر کرنے والا دل۔ بلاؤں پر صبر کرنے والا جسم مال عفت میں خیانت نہ کرنے والی بیوی۔

۱۶۔ اگر تم میں چار چیزیں ہوں تو پھر کسی چیز کے نہ ہونے کا غم نہ کرو۔

(۱) امانت داری (۲) حسنِ خلق (۳) راست بازی (۴) رزقِ حلال

۱۷۔ بہادر وہ ہے جو نفس پر قادر ہو۔

۱۳۲۳۰

Marfat.com

۱۸۔جس عورت کا خرچ کم ہو۔ وہ سب سے زیادہ مبارک عورت ہے۔

۱۹۔ بے نیاز رہو اور کسی سے مسواک کی معمولی لکڑی بھی نہ مانگو۔

۲۰۔ جھولے سے لحد تک علم حاصل کرو۔

۲۱۔اللہ جس قوم پر عذاب نازل کرنے لگتا ہے نہ تو اس کو زمین میں دھنسا تا ہے۔ نہ اس کو مسخ کرتا ہے۔ بلکہ غلہ گراں۔ بارش موقوف اور شریروں کو اس قوم پر حاکم بنا دیتا ہے۔

۲۲۔ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

۲۳۔سلام گرم جوشی سے کرو کہ اس سے محبت پائیدار ہوتی ہے۔

۲۴۔بہترین جہاد سلطان جابر کے سامنے کلمہ حق بلند کرنا ہے۔

۲۵۔موت کو یاد کرو تاکہ دوسرے رنج و غم بھول جاؤ۔

۲۶۔اے بلال خرچ کر اور صاحب عرش سے کمی کا خوف نہ کر

۲۷۔تو خدا کو یاد رکھ خدا تیری حفاظت کریگا۔

۲۸۔تو اللہ کو یاد رکھ اسی کو اپنے سامنے پائیگا۔

۲۹۔تم اللہ کو راحت میں نہ بھولو وہ تمہیں مصیبت میں نہ بھولے گا۔

۳۰۔ دنیا میں مہمان کی طرح رہو۔

۳۱۔تم اپنی اولاد کی عزت کرو اور ان کو اچھے آداب سکھاؤ۔

۳۲۔بزرگوں کی لغزشوں کو نظر انداز کرو۔ سوائے حد شرعی کے

۳۳۔بڑے کی عزت اور چھوٹے پر رحم کرو تمہیں قیامت میں مجھ سے ملاقات نصیب ہوگی۔

Marfat.com

۳۴۔ سچ کہو اگرچہ ناگوار ہو۔

۳۵۔ تم معاف کرو تم کو بھی معاف کیا جائیگا۔

۳۶۔ تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم فرمائے گا۔

۳۷۔ گناہ کم کر موت تجھ پر آسان ہو گی۔

۳۸۔ ہم دنیا پر ایسا جھکا کھاتے ہیں گویا کہ موت غیر کے لئے لکھی گئی ہے (یعنی خود مرنا نہیں ہے)

۳۹۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کا چالیس روز مخلص بندہ رہیگا تو حکمت کے چشمے اس کے دل سے اس کی زبان پر جاری ہوں گے۔

۴۰۔ ایمان کے دو حصے ہیں ایک کو صبر دوسرے کو شکر کہتے ہیں۔

اب میں آخر میں ایک ایسی حدیث معہ تشریح و توضیح لکھتا ہوں جس میں مذہب اسلام کی بنیادی باتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

حضور نبی کریم رحمۃ للعالمین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے

۱۔ اقرار کرنا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں (یعنی توحید و رسالت پر کامل ایمان

۲۔ نماز پڑھنا ۴۔ حج کرنا

۳۔ زکوٰۃ دینا ۵۔ ماہ رمضان کے روزے رکھنا (بخاری شریف)

Marfat.com

توضیح و تشریح

۱۔ (الف) توحید:۔ توحید سے مراد یہ ہے کہ تجھے پختہ یقین ہو۔ اور اس یقین میں ذرہ برابر بھی تردد نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک تمام صفات کمال سے موصوف اور تمام عیوب سے پاک ہے۔ وہ ساری کائنات کا خالق ہے۔ کائنات کا ایک ایک ذرہ اس کے حکم کے ماتحت ہے۔ کوئی اس کا شریک نہیں۔ تمام مخلوق کی بقا، فنا، زندگی، موت، رزق، اولاد، لڑکے لڑکیاں، عزت، ذلت، خوشحالی، تنگدستی وغیرہ سب کچھ رب العالمین کی طرف سے ہے۔ انسان کو چاہیئے کہ مشکلات و مصائب میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ سے امداد طلب کرے۔ اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک ہے۔ وہ اپنی ذات و صفات میں یکتا و بے مثل ہے۔ اس کی قدرت کے مقابل کسی کی کوئی طاقت نہیں۔ سب اس کے محتاج ہیں۔ وہ کسی کا محتاج نہیں۔ اس کے حکم کے سامنے کسی کی بات نہیں چل سکتی دنیا کی بعض قوموں نے یہاں ٹھوکر کھائی۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات اللہ تعالیٰ کی قدرتوں اور طاقتوں میں اس کی مخلوق کو شریک بنا بیٹھے۔

یاد رکھیئے! اللہ تعالیٰ واحد ہے۔ قادر مطلق ہے۔ وہ اپنی ذات و صفات قدرتوں طاقتوں میں یکتا و بے مثل ہے حکومت اسی کی ہے۔ اس حکومت میں اس کا کوئی شریک نہیں۔ سچے موحد کی پہچان یہ ہے کہ مصیبت کے وقت خدا یاد آئے۔ اسباب پر نظر نہ جائے اور دین و دنیا کے ٹکراؤ کے وقت دین کو اختیار کرے۔

یاد رکھیئے! حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو محض اللہ تبارک و تعالیٰ کے

Marfat.com

